


# دس کھلاڑیوں پر مشتمل ہائی پرفارمنس کیمپ،لاہور میں شروع ہوگیا

**لاہور،17دسمبر2019ء:**

17دسمبر سے شروع ہونے والا ہائی پرفارمنس کیمپ تین ہفتے تک نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں جاری رہے گا۔ کیمپ کی نگرانی ڈائریکٹر میڈیسن اینڈ اسپورٹس سائنسز پی سی بی ڈاکٹر سہیل سلیم کریں گے۔ ہائی پرفارمنس کیمپ میں شریک تمام کھلاڑیوں نے این سی اے میں رپورٹ کردی ہے۔

**کیمپ میں شریک کھلاڑی:**

رضوان حسین،ظفر گوہر،راحت علی، احسان علی، بلاول بھٹی، عاکف جاوید،حسن علی،عماد وسیم،محمد حسنین اورعثمان قادر

آلراؤنڈر فہیم اشرف(سنٹرل پنجاب) کی کیمپ میں شرکت کا فیصلہ قائداعظم ٹرافی کے فائنل کے بعد کیا جائے گا۔ ایونٹ کا فائنل 27سے 31 دسمبر تک سنٹرل پنجاب اور ناردرن کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔

تین ہفتوں پر مشتمل کیمپ کے دوران تمام کرکٹرز، این سی اے کے ٹرینرز اور فزیوز کے ساتھ ون آن ون سیشن میں شرکت کریں گے۔ اس دوران کھلاڑی بیٹنگ اور باؤلنگ پریکٹس بھی کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk